Sociology - FA Part 2 Sociology Urdu Medium Chapter 2 Short Questions Test

Q1. منگول کس جغرافیائی خطہ میں پائے جاتے ہیں.

Ans 1: منگول نسل کے لوگ زیادہ تر وسطی ایشیاء میں پائے جاتے ہیں.

Q2. دراوڑی معاشرے میں عورت کا مقام بیان کریں.

Ans 1: دراوڑی معاشرے میں عورت گھر کی حاکم ہوتی تھی اور سلسلہ وراثت ماں کی طرف سے چلتا تھا. عورت کو جائیداد میں حصہ دیا جاتا تھا.

Q3. انگریزوں نے برصغیر میں کون سا عدالتی نظام روشناس کرایا.

Ans 1: انگریزوں نے برصغیر میں عدالتیں قائم کیں وہاں جج بھرتی کیئۓ اور تھانے قائم کیے.

Q4. انگریزوں نے برصغیر میں کونسا نظام متعارف کرایا.

Ans 1: انگریزی ثقافت نے مرد و زن کے لیے تعلیمی نظام متعارف کرایا. جس سے دنیوی علوم و علماء میں اضافہ ہوا. لیکن انگریزی زبان کو ہر علم کی بنیاد قرار دیا. مسلمان چونکہ انگریزوں سے نفرت کرتے تھے اس لیے انگریزی تعلیم اور انگریزی لباس کو اپنانے میں بھی پیچھے رہے. ہندوؤں نے پہل کی اور انگریزوں کے منظور نظر ہوکر حکومت کے اعلی عہدوں پر فائز ہوگئے. مسلمان ادنی ملازمتوں پر رہے جس سے مسلمانوں کی معاشی حالت خراب ہوئی اور معاشرتی زندگی میں ان کا مقام مجموعی طعر پر گر گیا.

Q5. منگول نسل کی جسمانی خصوصیات تحریر کریں.

Ans 1: منگول نسل سے تعلق رکھنے والے افراد زرد فام ہوتے ہیں. انکے بال بھورے اور سیاہی مائل ہوتے ہیں. ان کی آنکھیں گہری بھوری ، ناک چپٹی اور قد درمیانہ ہوتا ہے. ان کے جسم اور سینے پر بہت کم بال ہوتے ہیں.

Q6. دراوڑوں کی کاشتکاری کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں.

Ans 1: دراوڑ لوگ گندم، جو ، مٹر اور ائی کی کاشت کرتے تھے. چیتے، گینڈے، ہاتھی اور مگر مچھ جیسے جانوروں ان کی زندگی میں حائل ہوتے تھے.

Q7. نسل کی تعریف کریں.

Ans 1: نسل دراصل ای حیاتیاتی اصطلاح ہے -عمرانیاتی نقطہ نگاہ سے نسل سے مراد افراد کا ایسا گروہ ہے جو اپنی خاص جسمانی ، حیاتیاتی و جنسی خصوصیات رکھتا ہو اور سماجی طور پر منفرد جانا جاتا ہو.

Q8. مسلمان خاندانوں نام بتائیں جنھوں نے برصغیر پر حکومت کی.

Ans 1: 1- خلجی خاندان 2- تغلق خاندان 3- سادات خاندان 4- لودھی خاندان 5- سوری خاندان 6- مغلیہ خاندان

Q9. انگریزوں نے کون سا لباس برصغیر میں روشناس کرایا.

Ans 1: انگریزوں نے برصغیر میں کوٹ پتلون ، شرٹ اور ٹائی روشناس کرائی.خواتین سکرٹس پہنتی تھیں.

Q10. دو قومی نظریہ سے کیا مراد ہے.

Ans 1: دو قومی نظریہ سے مراد ہے کہ ہندوستان میں دو قومیں آباد تھیں. ایک مسلمان اور دوسری ہندو اسی دوقومی نظریہ کی وجہ سے پاکستان بنا.